13040 ـ کیا وقف کے نگران کے وکیل کو وقف کی آمدن سے کچھ دیا جائے گا؟

سوال

مثلا اگر وقف کے نگران کے لیے پانچ فیصد کی رقم رکھی، اور وہ نگران کرایہ وصول کرنے کے لیے ایك پراپرٹی ڈیلر کو وکیل بنائے گا، تو پراپرٹی ڈیلر کہے کہ میں کرایہ وصول کرنے کی مقابلہ میں اڑھائی فیصد لوں گا، پھر نگران کرایہ وصول کرکے وقف کے مصاریف میں تقسیم کرے گا، تو کیا پراپرٹی ڈیلر کو وقف کی آمدن میں سے ادائیگی کی جائے گی یا کہ نگران اپنی نسبت سے ادا کرے گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے مندرجہ ذیل سوال فضیلۃ الشیخ عبدالرحمن بن جبرین حفظہ اللہ تعالی سے دریافت کیا تو ان کا جواب تھا:

اسے نگران کی نسبت سے ادا کیا جائے گا، کیونکہ اے نگران آپ کو پانچ فیصد ملتی ہے، چاہے آپ اس کی ذمہ داری نبھائیں ، یا اپنے علاوہ کسی دوسرے کو وکیل بنا ئیں، لھ ذا جب کسی دوسرے کو وکیل بنائیں تو وہ آپ کے قائم مقام ہو گا اور آپ کے حصہ میں سے حاصل کرے گا.

واللہ اعلم .